سوال

(536) مرد نے عورت سے شادی کی کہ وہ کنواری ہے مگر وہ کنواری نہ نکلی۔ کیا وہ نکاح فسخ کر سکتا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک آدمی نے کسی عورت سے اس بنا پر شادی کی کہ ہو کنواری ہ مگر وہ شادی شدہ نکلی۔ کیا اب اس آدمی کو فسخ نکاح کا حق حاصل ہوگا، اور وہ اس سے نقصان پورا کرے گا جس نے اس کو دھوکا دیا؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس کو فسخ نکاح کا حق حاصل ہے، اوراس کو حق ہے کہ وہ اس عیب کے ظاہر ہونے پر حق مہر سے کچھ حصہ واپس طلب کرے وہ اس طرح کہ باکرہ اور ثیبہ کے حق مہر میں جتنا فرق ہے اتنا یہ مقرر حق مہر سے واپس لے لے۔ اور جب دخول سے پہلے نکاح فسخ کردے تو حق مہر ساقط ہو جائے گا۔ (ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

عورتوں کے لیے صرف

صفحہ نمبر 482

محدث فتویٰ